## الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

# وضاحت۔

مورخہ 10 اگست ،2017ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ترجمان نے حلقہ این اے 120 لاہور اور پی پی 4 گوجر خان کے ضمنی انتخابات میں بائیو میٹرک اور الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں کے استعمال کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان دونوں حلقوں میں ان مشینوں کو صرف **تجرباتی طور** پر ہی استعمال کیا جائے گا تاکہ اس کے استعمال کے تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لیا جاسکے۔ یہ تاثر لینا درست نہیں ہے کہ ان دونوں حلقوں میں صرف ان مشینوں کے ذریعے ہی ووٹنگ ہو گی۔

ووٹنگ کا عمل قانون کے مطابق ہو گا جس میں رائج قوانین کے مطابق بیلٹ پیپر کا اجرا اور باقی الیکشن کا عمل اسی طرح ہو گا جیسے پہلے ہوتا آرہا ہے۔ان مشینوں کو صرف **تجرباتی طور** پر استعمال کیا جائے گا۔اور اس کا ووٹنگ کے عمل پر کوئی اثر نہیں ہو گا وہ سارا قانونی عمل اسی طرح ہوتا رہے گا۔ جیسے پہلے ہوتا رہا ہے۔ دوسری وضاحت اس سلسلے میں یہ ہے کہ چونکہ یہ مشینیں محدود تعداد میں ہیں لہذا پورے حلقے میں اس کا استعمال ممکن نہیں ہے۔ ان دونوں مذکورہ بالا حلقوں کے محدود پولنگ اسٹیشن پر ہی اس کا استعمال ہو گا۔ الیکشن کمیشن کے پاس اس وقت 100 بائیو میٹرک اور 150 الیکٹرونک مشینیں ہیں جو دونوں حلقوں کے پورے پولنگ اسٹیشنز پر استعمال نہیں ہو سکتے۔ صرف محدود پولنگ اسٹیشنز ہی پر ان کا **تجرباتی طور** پر استعمال کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆